انٹرنیشنل طالبعلم بحیثیت کرایہ دار حقوق رکھتے ہیں

اس معلوماتی پرچے میں انٹرنیشنل طالبعلموں کیلئے کرایہ داری کے بارے میں معلومات اور تجاویز دی گئی ہیں ۔
تفصیلات consumer.vic.gov.au/internationalstudents

کنڈیشن رپورٹ

- اگر آپ بانڈ ادا کر رہے ہوں تو آپ کو رہائشگاہ میں منتقل ہونے کے بعد تین دنوں کے اندر کنڈیشن رپورٹ مکمل کرنی ہو گی ۔ یہ رپورٹ رہائشگاہ کی اس حالت کا ریکارڈ ہے جو آپ کے لیز پر دستخط کرنے کے وقت تھی ۔
- کنڈیشن رپورٹ کو دھیان سے پڑھیں اور چیک کریں کہ یہ درست ہے ۔ اگر اس میں کوئی بات غلط ہو تو آپ درستگی کر سکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر، اگر کوئی چیز گندی ہے، ٹوٹی ہوئی یا کام نہیں کر رہی ہے تو یہ لکھ دیں ۔
- اپنے مالک مکان/ایجنٹ کو رپورٹ کی ایک دستخط شدہ کاپی دیں اور ایک کاپی اپنے پاس رکھیں ۔ ہر کمرے کی تصویریں کھینچ لیں ۔
- اگر آپ کے رہائشگاہ چھوڑنے کے وقت ایسا کوئی تنازعہ ہوا کہ آیا آپ صفائی یا نقصان پورا کرنے کے ذمہ دار ہیں تو اس رپورٹ کو بطور ثبوت استعمال کیا جا سکتا ہے ۔

رہائشی لیز شروع اور ختم کرنا

- جب آپ لیز پر دستخط کریں تو آپ آغاز کی تاریخ سے اختتام کی تاریخ تک کرایہ ادا کرنے اور لیز کے تمام اصولوں کی تعمیل کرنے پر رضامندی ظاہر کرتے ہیں ۔
- صرف تب لیز پر دستخط کریں جب آپ کو اس کی سمجھ آ رہی ہو ۔ اگر آپ کو سمجھ نہ آ رہی ہو تو اپنے بھروسے کے کسی شخص سے سمجھانے کو کہیں ۔
- اگر آپ لیز ختم ہونے سے پہلے رہائشگاہ چھوڑنا چاہیں تو اپنے مالک مکان/ایجنٹ سے بات کریں – اگر وہ لیز کو وقت سے پہلے ختم کرنے پر راضی نہ ہوں تو ممکن ہے آپ کو زائد فیس ادا کرنی پڑے ۔ اگر آپ لیز کے اختتام پر رہائشگاہ چھوڑ رہے ہوں تو آپ کو ایک مہینہ پہلے اپنے مالک مکان/ایجنٹ کو تحریری اطلاع دینی ہو گی کہ آپ جا رہے ہیں ۔
- آپ کو بل اور آخری کرایہ ادا کرنا ہو گا، رہائشگاہ کو صاف کرنا ہو گا اور جاتے ہوئے اپنی تمام چیزیں ساتھ لے جانی ہوں گی ۔ قالین کو صرف تب سٹیم کلین کروائیں اگر لیز میں کہا گیا ہو ۔

مرمتّیں

- مالک مکان/ایجنٹ تمام مرمتّوں کا خرچ اٹھانے کا ذمہ دار ہے، سوائے اس کے کہ نقصان آپ نے یا آپ کے مدعو کیے ہوئے کسی شخص نے کیا ہو ۔
- مرمتّیں عام نوعیت کی یا فوری مطلوبہ ہو سکتی ہیں ۔ عام مرمتّوں کے بارے میں اپنے لینڈلارڈ/ایجنٹ کو تحریری اطلاع دیں – وہ 14 دنوں کے اندر مرمتّ کروانے کے پابند ہیں ۔ فوری مطلوبہ مرمتّ مثلاً" گیس لیک یا ٹپکتی ہوئی چھت کیلئے لینڈلارڈ/ایجنٹ کو فون کریں – وہ فوری طور پر ایسی مرمتّ کروانے کے پابند ہیں ۔ اگر وہ ایسا نہ کریں تو آپ خود مرمتّ کروانے کیلئے $1,800 تک ادا کر سکتے ہیں اور اس کی رسید انہیں بھیج سکتے ہیں ۔ وہ 14 دنوں کے اندر آپ کو یہ رقم لوٹانے کے پابند ہیں ۔

بانڈز

- ممکن ہے آپ کا مالک مکان آپ کو بانڈ ادا کرنے کو کہے – یہ رقم لیز کیلئے سیکورٹی ڈیپازٹ یعنی ضمانتی رقم کے طور پر رکھی جاتی ہے ۔
- رہائشی کرایہ داری کیلئے بانڈ اتھارٹی (Residential Tenancies Bond Authority, RTBA) لیز ختم ہونے تک آپ کا بانڈ اپنے پاس رکھے گی ۔
- اگر آپ کا ہفتہ وار کرایہ $350 سے کم ہے تو آپ کے بانڈ کی رقم ایک مہینے کے کرایے سے زیادہ نہیں ہو سکتی ۔
- مالک مکان/ایجنٹ آپ سے بانڈ جمع کرانے کے فارم پر دستخط کرنے کیلئے کہے گا ۔ صرف تب دستخط کریں جب یہ درست ہو ۔ خالی فارم پر دستخط نہ کریں ۔
- اگر آپ اپنی لیز کی تمام شرائط پوری کریں اور رہائشگاہ کو اچھی حالت میں چھوڑیں تو آپ کا بانڈ آپ کو واپس مل جائے گا ۔

CONSUMER AFFAIRS VICTORIA

کیا آپ کو مزید مدد درکار ہے؟

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو انٹرپریٹر (مترجم) کے ذریعے ہم سے بات کرنے کی ضرورت ہے تو 131 450 پر فون کریں، اپنی زبان کا نام انگلش میں بتائیں اور انٹرپریٹر سے 1300 55 81 81 پر فون کرنے کو کہیں -

وہ ادارے جو انٹرنیشنل طالبعلموں کی مدد کر سکتے ہیں

Study Melbourne Student Centre

599 Little Bourke Street, Melbourne

www.studymelbourne.vic.gov.au

studymelbourne@ecodev.vic.gov.au

Fair Work Australia

www.fairwork.gov.au

City of Melbourne Welcome Desk

bit.ly/Student-Welcome-Desk

Tenants Victoria

https://www.tuv.org.au

Refuge of Hope
(لاطینی امریکہ سے تعلق رکھنے والے پناہ گزینوں اور انٹرنیشنل طالبعلموں کیلئے)

www.refugeofhope.org.au

اپنا زیادہ وقت پڑھائی میں لگائیں، نہ کہ فکر میں -

مزید معلومات کیلئے یا مسائل پیش آنے پر ہماری کرایہ داری کے متعلق معلومات پڑھیں:
consumer.vic.gov.au/renting یا ہمیں
فون کریں: 1300 55 81 81

CONSUMER AFFAIRS VICTORIA